**[AS PASSED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]**

A

Bill

*further to amend the National Command Authority Act, 2010*

WHEREAS it is expedient further to amend the National Command Authority Act, 2010 (V of 2010), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the National Command Authority (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once and shall be deemed to have taken effect from the twenty-seventh day of November two thousand and twenty-five.

2. **General Amendment, Act V of 2010:-** In the National Command Authority Act, 2010, hereinafter called as the "said Act", for the expression "Chairman Joint Chiefs of Staff Committee" wherever occurring, the expression "Chief of the Army Staff concurrently the Chief of the Defense Forces" shall be substituted.

3. **Amendment of Section 3, Act V of 2010.-** In the said Act, in section 3, in sub-section (4),

(i) clause (f) shall be omitted;

(ii) clauses (g) and (h) shall be re-numbered as clauses (f) and (g);

(iii) in the re-numbered clause (f), the word "and" shall be omitted;

(iv) in the re-numbered clause (g), the expression "; and" shall be inserted; and

(v) after the re-numbered clause (g), the following new clause (h) shall be inserted:

"(h) Commander of the National Strategic Command."

# STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The purpose of these amendments is to make consistent the National Command Authority Act, 2010 (V of 2010) with the Constitutional (27th Amendment) Act, 2025 (XXXII of 2025) and to make consequential amendments in the said law.

2. The National Command Authority (Amendment) 2026, prepared for the said purpose.

2. This Bill has been designed to achieve the aforesaid objective.

**Minister In-charge**

# نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۰ء میں مزید ترمیم

# کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۰ء (۵ بابت ۲۰۱۰ء) میں، ایسے طریقہ کار اور بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ نیشنل کمانڈ اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا اور ستائیس نومبر دو ہزار پچیس سے موثر باعمل متصور ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۵ بابت ۲۰۱۰، عمومی ترمیم:۔** نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۰ء، بعد ازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر دیا گیا ہے، عبارت ''چیئرمین جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی'' جہاں کہیں آرہا ہو، کو عبارت ''چیف آف آرمی اسٹاف جو بیک وقت چیف آف ڈیفنس فورسز ہے'' سے تبدیل کر دیا جائے۔

۳۔ **ایکٹ ۵ بابت ۲۰۱۰ کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۴) میں،۔

(اول) شق (و) کو حذف کر دیا جائے گا؛

(دوم) شقات (ز) اور (ح) کو شقات (و) اور (ز) کے طور پر دوبارہ نمبر دیا گیا ہے۔

(سوم) دوبارہ نمبر دی گئی شق (و) میں، لفظ ''اور'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(چہارم) دوبارہ نمبر دی گئی شق (ز) میں، عبارت ''؛ اور'' کو شامل کر دیا جائے گا؛ اور

(پنجم) دوبارہ نمبر دی گئی شق (ز) کے بعد، نئی شق (ح) کو شامل کر دیا جائے گا:

''(ح) کمانڈر نیشنل اسٹریٹیجک کمانڈ''۔

CS CamScanner